لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ جمادی الاول ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۵ جنوری ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	انعام برایک ضرب بندوق گم شدہ۔	۱و۲
۲	تقرر [illegible] سپرنٹنڈنٹ ٹیلیفون۔	۲
۳	اضافہ [illegible] تقرر منشی [illegible] نائب۔	〃
۴	رخصت تحصیلدار صاحب ملک معہ دیگر انتظام۔	〃
۵	مستقلی [illegible] سپرنٹنڈنٹ دفتر۔	〃
۶	[illegible] ترمیم [illegible] بالفاظ در جمع خرچ۔	〃
۷	رخصت [illegible] دیوانی۔	〃
۸	[illegible] اختیارات بہ قائم مقام تحصیلدار ملک۔	〃
۹	تبادلہ [illegible] دیوانی و فوجداری۔	〃
۱۰	رخصت [illegible]	〃
۱۱	نقشہ حیات ممات و نقشہ [illegible] اجناس	ضمیمہ

حکم محکمہ عالیہ دارالانشاء اجلاس اعلیحضرت بندگان عالی متعالی دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۸ دسمبر ۱۹۲۲ء

مثل درخواست احمد رضا خان جنکا لائسنس بشمول نام حافظ مظفر علی خان پیشکار نمبری ۲۳۸۸ -

مقدمہ اطلاع گم شدگی بندوق نمبری ۲۳۵ مندرجہ لائسنس احمد رضا خان ساکن رامپور بشمول نام حافظ مظفر علی خان پیشکار قسم بندوق برچ لوڈ نمبر ۱۲ - از مقام موضع سنڈیان رسولپور پرگنہ و تھانہ ٹانڈہ - تعیین مبلغ بیس روپیہ باستدعا اندراج گزٹ

گم شدگی بندوق بہ تعیین مبلغ بیس روپیہ انعام درج گزٹ کیا جاوے ایک نقل حکم ہذا مطبع کو مرسل ہو اور ایک بغرض اطلاع پولیس کو بھیجی جاوے۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

ترقی عہدہ و اضافہ

۶ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب یادداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و انہار۔ لچھمی نراین اسپکٹر ٹیلیفون کو آئندہ سے بعہدہ سپرنٹنڈنٹ ٹیلیفون مقرر کرکے انکی تنخواہ موجودہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ اور بیس روپیہ ماہوار الاونس منظور فرمایا گیا

اضافہ و تقرر

۹ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تجارت۔ منشی محمود علیخان اکاونٹنٹ مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار کو دس روپیہ ماہوار اضافہ۔ اور انگلش کلرک کی آسامی پر منشی تربھون ناتھ کا عارضی تقرر چند ماہ کیواسطے بمشاہرہ پچھتر روپیہ ماہوار منظور فرمایا گیا۔

اور ایک دفتری کی بھی منظوری عطا ہوئی۔

رخصت

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔ منشی جمیل خانصاحب تحصیلدار ملک مشاہرہ دار دو سو روپیہ ماہوار کی رخصت سہ ماہ منظور فرمائی گئی ایام رخصت مین منشی مصطفے حسین خان نائب تحصیلدار بطور قایم مقام تحصیلدار کا کام انجام دینگے پچیس روپیہ ماہوار الاونس پائینگے۔ اور ایک نائب تحصیلداری کی منظوری بمشاہرہ چالیس روپیہ ماہوار عطا ہوئی بقیہ اکیس روپیہ حسب صراحت بالا ستر روپیہ بچینگے کہ بعد منشی جمیل خانصاحب کو ملا کرینگے۔

مستقلی و اضافہ

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب استدعا صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات منشی محمد اسد اسیا درسیر کو مستقل کرکے تنخواہ و الاونس موجودہ مین پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۴ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ نے شفاخانہ کے جمع خرچوں پر یہ اعتراض کیا ہے کہ آئندہ میزان کی رقم لفظوں میں بھی تحریر ہوا کرے۔ اب تک جو جمع خرچ آتے ہیں ان میں میزان کی رقم رقموں میں لکھی ہوتی ہے اور قدیم عملدرآمد ایسے ہی چلا آتا ہے۔ گرچونکہ ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ کی تحریر کے بموجب پابندی کیجے جانے میں چنداں طوالت نہیں ہے بلکہ اسلوبی کار ہے۔ اس لئے صیغہ جات ماتحت میں آئندہ کے لیے جمع خرچوں میں میزان رقم کی لفظوں میں بھی تحریر کیا جانا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ لہذا حکم ہوا کہ

باجرائے احکام جملہ صیغہ جات ماتحت میں اطلاع دیجائے کہ آئندہ جمع خرچوں میں میزان کی رقم لفظوں میں بھی تحریر کی جایا کرے تاکہ سررشتہ آڈٹ کو اعتراض کا موقع جاتا رہے۔ فقط

ملخص احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب یادداشت مفتی صاحب دیوانی دو ہفتہ کی مزید رخصت محافظ دفتر دیوانی کی منظور کی گئی ایام رخصت میں نائب محافظ دفتر ان کا کام انجام دینگے۔

عطائے اختیارات

۱۱ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

مصطفے حسین خان نائب تحصیلدار کو جو قائم مقام تحصیلدار بزمانہ رخصت تحصیلدار منشی جمیل خانصاحب مامور ہوئے ہین عارضی طور پر تا قائم مقامی تحصیلداری انکو اختیارات صیغہ دیوانی میں منصف کے اور فوجداری مین درجہ دوم کے دئے گئے۔

تبادلہ

۱۱ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب تصدیق مفتی صاحب دیوانی۔ آغا نواب محافظ دفتر دیوانی کا بوجہ علالت و کمزوری محافظ دفتر فوجداری سے تبادلہ کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۳ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

سید عزا حسین نائب منصرم گاوشخانہ کی رخصت بکار بضرورت کار خانگی حسب منظوری اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم منظور کی گئی۔

نقشہ نرخ نامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۸ لغایت ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۷ ار	۷ ار	۷ ۰ ار		۷ ۰ ار	
نخود خالص		۸ ار	۹ ار	۱۰ ار		۱۰ ار	
نخود کرہ آمیز		۱۰ ار	۹ ۰ ار	۱۰ ۰ ار		۱۰ ۰ ار	
کرہ		۱۰ ار	۰	۱۱ ار		۱۱ ار	
بشس		۹ ۰ ار	۹ ۰ ار	۱۰ ۰ ار		۹ ار	
		۱۰ ار	۰	۰		۰ ۹ ار	
مکا		۰	۹ ۰ ار	۱۰ ار		۹ ار	
جئی		۰	۱۱ ار	۱۲ ار		۱۱ ار	
گوجئی		۰	۱۱ ار	۸ ار		۹ ار	
عدس		۰	۸ ار	۸ ار		۶ ار	
ارہر		۰	۱۰ ار	۱۰ ار		۰	
برنج		۵ ار	۵ ار	۵ ۰ ار		۵ ار	
روغن زرد		[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
روغن سیاہ		۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار		[illegible]	
روغن کنجد		[illegible]	۰	۳ ار		۱ ار	
نمک سانبھر		۱۰ ار	۱۱ ار	۱۰ ار		۱۱ ار	
نمک لاہوری		۶ ۰ ار	۶ ار	۵ ار		۷ ار	
قند سیاہ		۵ ۰ ار	۵ ار	۶ ار		۵ ۰ ار	
باجرہ		۳ ۰ ار	۰	۸ ار		۹ ار	

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور نمبر ۳

مطبوعہ ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری نومبر سنہ ۱۹۲۲ء

۱

نام مقام	تفصیل پیدائش – مرد – مسلمان	تفصیل پیدائش – مرد – ہندو	تفصیل پیدائش – عورت – مسلمان	تفصیل پیدائش – عورت – ہندو	تفصیل پیدائش – میزان	تفصیل پیدائش – تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل پیدائش – تفصیل مذہب – ہندو	تفصیل فوتی – ایک سال سے ۵ سال تک – مرد	تفصیل فوتی – ایک سال سے ۵ سال تک – عورت	تفصیل فوتی – ۵ سال سے ۱۲ سال تک – مرد	تفصیل فوتی – ۵ سال سے ۱۲ سال تک – عورت	تفصیل فوتی – ۱۲ سال سے زیادہ – مرد	تفصیل فوتی – ۱۲ سال سے زیادہ – عورت	تفصیل فوتی – میزان – مرد	تفصیل فوتی – میزان – عورت	تفصیل فوتی – تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل فوتی – تفصیل مذہب – ہندو	تفصیل امراض – ہیضہ	تفصیل امراض – چیچک	تفصیل امراض – تپ	تفصیل امراض – متفرق	تفصیل امراض – مارگزیدہ	تفصیل امراض – دیگر درندہ و جانوران کے کاٹنے سے	تفصیل امراض – طاعون	درج رجسٹر از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۶	۱۱	۱۵	۱	۵۳	۴۱	۱۲	۹	۸	۱	۳	۳۰	۳۱	۴۰	۴۲	۲۲	۲۰	۰	۰	۰	۸۲	۰	۰	۰	۸۲	
گنج	۲۸	۴	۴	۱	۳۸	۳۲	۵	۲	۳	۱	۰	۲۶	۱۹	۲۹	۲۲	۴۹	۲	۰	۰	۰	۵۱	۰	۰	۰	۵۱	
حوالی شہر	۱۹	۱۹	۱۶	۱۳	۶۸	۳۶	۳۲	۳	۷	۱	۰	۹	۷	۱۳	۱۴	۱۷	۱۰	۰	۰	۰	۲۷	۰	۰	۰	۲۷	
عظیم نگر	۱۰	۴	۱۲	۵	۳۱	۲۲	۹	۱	۲	۱	۰	۶	۸	۸	۱۰	۸	۱۰	۰	۰	۱۸	۰	۰	۰	۰	۱۸	
شاہ آباد	۹	۲۷	۱۹	۴۳	۱۳۸	۲۸	۱۱۰	۱۲	۹	۰	۳	۲۴	۲۴	۳۱	۳۶	۲۲	۵۰	۰	۰	۰	۷۲	۰	۰	۰	۷۲	
بہوانی	۴	۲۲	۳	۲۱	۵۴	۷	۴۷	۳	۱	۰	۵	۱۲	۱۴	۱۵	۲۰	۷	۲۸	۰	۰	۳۵	۰	۰	۰	۰	۳۵	۰
ملک	۲	۵۲	۹	۴۴	۱۱۱	۱۵	۹۶	۲	۲	۲	۰	۲۸	۲۸	۳۶	۳۴	۶	۶۴	۰	۰	۶۸	۲	۰	۰	۰	۷۰	
بلاسپور	۲۱	۱۵	۱۲	۲۰	۶۸	۳۳	۳۵	۵	۲	۵	۲	۱۴	۹	۲۴	۱۳	۱۴	۲۳	۰	۰	۱۷	۲۰	۰	۰	۰	۳۷	
کیمری	۱۶	۲۵	۷	۱۴	۶۲	۲۳	۳۹	۳	۳	۰	۷	۱۶	۴	۱۹	۱۴	۸	۲۵	۰	۰	۰	۳۳	۰	۰	۰	۳۳	
سوار	۲۵	۱۹	۲۴	۷	۷۵	۴۹	۲۶	۲۲	۱۴	۳	۵	۲۶	۲۳	۵۱	۴۲	۶۰	۳۳	۰	۰	۰	۹۳	۰	۰	۰	۹۳	
ٹانڈہ	۳۳	۱۰	۱۷	۱۲	۷۲	۵۰	۲۲	۱۱	۱۱	۰	۱	۱۵	۹	۲۶	۲۱	۳۴	۱۳	۰	۰	۰	۴۷	۰	۰	۰	۴۷	
میزان	۱۹۷	۲۵۲	۱۳۹	۱۸۵	۷۷۳	۳۳۶	۴۳۷	۸۱	۶۶	۱۴	۲۶	۲۰۲	۱۷۶	۲۹۰	۲۶۸	۲۸۷	۲۷۸	۰	۰	۱۳۸	۴۲۷	۰	۰	۰	۵۶۵	